# 31-05-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندرمودی نے آج آکاشوانی پر اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے 134 ویں اپی سوڈ میں قوم سے خطاب کیا۔اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ دریائیں ہماری تہذیب اورتمدن کی ترقی کی بنیادی علامت ہیں۔

۲۔ایمپلائز ہیلتھ اسکیم کومزید مضبوط طریقہ سے عمل کرنے سے متعلق وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد کیا۔

۳۔ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ تلنگانہ میں آرٹی سی کوحکومت میں ضم کرنے کیلئے مناسب لائحہ عمل تیار کیا جارہا ہے۔

۴۔ریاستی وزیرانوسویا سیتا اکا نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریلیف فنڈ غریبوں کے لئے صحت کے معاملہ میں ایک بڑا سہارا اور مشکل وقت میں مددگار ثابت ہورہا ہے۔

Rivers

وزیراعظم نریندرمودی نے آج آکاشوانی پر اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے 134 ویں اپی سوڈ میں قوم سے خطاب کیا۔اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ دریائیں ہماری تہذیب اورتمدن کی ترقی کی بنیادی علامت ہیں۔ وزیراعظم نریندرمودی نے اپنے پروگرام من کی بات میں کہا کہ دریاؤں کا تحفظ ہم سب کی ذمہ داری ہے۔اس موقع پرانہوں نے اترپردیش کے بستی ضلع سے تعلق رکھنے والے آکاش گپتا کی جانب سے منورما ندی کی صفائی کی مہم کا خصوصی ذکر کیا۔وزیراعظم نے کہا کہ آکاش گپتا نے اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر دریا کو صاف کیا اور بہت سے لوگوں کے لئے ایک مثالی اور حوصلہ افزا مثال قائم کی۔

Byte: River Cleanliness

Netherlands

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت کے عظیم ثقافتی اور تاریخی ورثہ کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے قیمتی اور نادر تاریخی ورثہ کو آنے والی نسلوں تک پہنچانے کے لئے مسلسل کوششیں جاری رہنی چاہئیں۔ وزیراعظم نے بتایا کہ حال ہی میں نیدرلینڈز کے دورہ کے دوران وہاں کی حکومت نے چولا دور کی قدیم تانبہ کی تختیاں ہندوستان کے حوالہ کیں۔ ان میں 21 بڑی اور 3 چھوٹی تانبہ کی تختیاں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ تختیاں چولا سلطنت کی تاریخی شناخت کی اہم علامت ہیں اور ہندوستان کیلئے ایک گراں قدر تاریخی سرمایہ ہیں۔

Byte – MKB: Copper Plates

Heatwaves

وزیراعظم نے کہا کہ ملک بھر میں گرمی کی شدت کے پیشِ نظر عوام کو محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اپنے من کی بات پروگرام میں کہا کہ اگر دھوپ میں باہر جانا ضروری ہو تو مناسب احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ مناسب مقدار میں پانی پیتے رہیں اور خود کو پانی کی کمی سے محفوظ رکھیں۔ وزیراعظم نے اس سلسلے میں مختلف سرکاری محکموں کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عمل کرنے کی بھی تلقین کی۔

Byte: Intense Heat

Mangoes

وزیراعظم نریندر مودی نے من کی بات پروگرام میں کہا کہ پھلوں کے بادشاہ آم کو ایک منفرد مقام حاصل ہے اور ہندوستان کی مختلف ریاستوں میں پائی جانے والی آم کی اقسام دنیا میں کہیں اور دستیاب نہیں ہیں۔ انہوں نے آم اور کچے آم سے تیار کئے جانے والے مختلف مشروبات اور گرمی کی

شدت کم کرنے والے متعدد اقسام کے شربتوں کا بھی ذکر کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ان مشروبات کے ذائقے ایک بھارت، شریشٹھ بھارت کے جذبہ کی عکاسی کرتے ہیں۔

Byte : MKB – Mangoes

MKB – Girija Amma

وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے من کی بات پروگرام میں کہا کہ چھوٹے پیمانہ پر شروع کی گئی ایک کوشش مستقبل میں بڑے نتائج دے سکتی ہے اوراس کی زندہ مثال ریاست تاملناڈو کی گریجا اماں ہیں۔انہوں نے بتایا کہ چنئی کے گروڈیا ہندو ودیالیہ سمیت 15 اسکولوں کا انتظام سنبھالنے والی گریجا اماں نے فوجیوں کی فلاح کے لئے ہر طالب علم سے روزانہ ایک روپیہ چندہ کی صورت میں جمع کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس مہم کے ذریعہ جمع کی گئی رقم سے گریجا اماں نے انہیں 40 لاکھ روپے کا چیک پیش کیا۔انہوں نے فوجیوں کی خدمت کیلئے اپنا حصہ ڈالنے والے طلبہ کی خصوصی طور پر ستائش کی۔

Byte – MKB: Girija Amma

MKB: Sports

وزیراعظم نریندر مودی نے من کی بات پروگرام میں کہا کہ ملک میں کھیلوں کے فروغ کے لئے دستیاب حوصلہ افزا سہولیات کے باعث کھلاڑی شاندار کامیابیاں حاصل کررہے ہیں۔انہوں نے حال ہی میں رانچی میں منعقدہ قومی سینئر فیڈریشن اتھلیٹکس مقابلوں میں کھلاڑیوں کی جانب سے چار قومی ریکارڈ قائم کئے جانے کی ستائش کی۔ وزیراعظم نے بتایا کہ ان ریکارڈ ساز کھلاڑیوں میں شامل دو اتھلیٹس، گُرِیندر ویر سنگھ اور انیمیش کُجور سے انہوں نے آج من کی بات کے دوران براہِ راست بات بھی کی۔

Byte – MKB: Sports

Mann Ki Baat Reaction

وزیراعظم نریندر مودی کے من کی بات پروگرام کی سماعت کرنے والے مختلف لوگوں نے آکاش وانی سے اپنا ردِعمل ظاہر کیا۔

Announcement

وزیراعظم نریندر مودی کے من کی بات کے خطاب کا تلگو ترجمہ آج رات 8 بجے دوبارہ نشر کیا جائیگا۔

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے ضلع پدا پلی میں وزیر ڈی سریدھر بابو اور گورنمنٹ وہپ وجئے رمنا راؤ کے ساتھ مل کر بس ڈپو کی تعمیر کے لئے مقام کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر پونم پربھاکر نے کہا کہ تلنگانہ میں آر ٹی سی کو حکومت میں ضم کرنے کے لئے مناسب لائحہ عمل تیار کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آر ٹی سی کی تسلیم شدہ مزدور یونین کے انتخابات جلد منعقد کئے جائیں گے اور انضمام کے عمل میں کسی بھی قسم کے تنازعہ یا رکاوٹ سے بچنے کے لئے تمام احتیاطی اقدامات کئے جارہے ہیں۔

Byte... Ponnam Prabhakar
PTC, Peddapalli

Mallikarjun Kharge

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے صدر ملکارجن کھرگے سے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے شمس آباد میں ایک خیر سگالی ملاقات کی۔ اس ملاقات میں نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا، پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ اور ریاستی انچارج میناکشی نٹراجن بھی موجود تھے۔ اس ملاقات میں کانگریس حکومت کے ڈھائی سال مکمل ہونے کے موقع پر ہونے والی تقریبات، 2 جون کو تلنگانہ یومِ تاسیس کے موقع پر شروع کئے جانے والے نئے سرکاری منصوبوں اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

PTC, Hyderabad

Cesarean Deliveries

نیشنل فیملی ہیلتھ سروے کے مطابق ملک میں سب سے زیادہ سیزیرین زچگی تلنگانہ میں ہورہی ہیں جہاں یہ شرح 62.2 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔ یہ قومی اوسط سے تقریباً تین گنا زیادہ ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ تلنگانہ میں ذیابیطس کے مریضوں کی شرح بھی قومی اوسط سے زیادہ ہے جس میں مردوں میں 28.2 فیصد اور خواتین میں 24.2 فیصد افراد اس مرض میں مبتلا ہیں۔

DESK

EHS

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ایمپلائز ہیلتھ اسکیم کے نفاذ پر آج جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ انہوں نے ٹرسٹ کے اراکین میں ملازمین کی یونین سے پانچ اور پنشنرس کے دو نمائندے شامل کرنے کی منظوری دی۔ ٹرسٹ کے سی ای او ایک سرکاری افسر ہوں گے۔ وزیراعلیٰ نے حکام کو ہدایت دی کہ تمام ملازمین کی تفصیلات آن لائن اپ لوڈ کی جائیں، ان کی بنیاد پر ڈیجیٹل ہیلتھ کارڈ جاری کئے جائیں اور کیش لیس طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔

DESK

Seethakka

ریاستی وزیرانوسویا سیتا اکا نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریلیف فنڈ غریبوں کے لئے صحت کے معاملہ میں ایک بڑا سہارا اور مشکل وقت میں مددگار ثابت ہورہا ہے۔ انہوں نے ضلع ملگ کے اِنچرلہ میں مستحقین میں سی ایم ریلیف فنڈ کے چیک تقسیم کئے۔

PTC, Mulugu

Ramchander Rao

بی جے پی تلنگانہ کے صدر این رام چندر راؤ نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کے من کی بات پروگرام کا 134 واں ایڈیشن انتہائی متاثر کن تھا۔ انہوں نے پارٹی دفتر میں کارکنوں کے ساتھ یہ پروگرام کی سماعت کی اور بعد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نے کھیلوں میں کامیاب افراد اور سماجی خدمت کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کی ہے۔

Sound Byte: Ramchander Rao

HYD - PTC

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ من کی بات پروگرام کا ہر ماہ عوام بے صبری سے انتظار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت کے 12 سال مکمل ہونے کے دوران ملک میں مختلف اصلاحات کے ذریعہ بڑی تبدیلیاں آئی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بنیادی ڈھانچہ کے تحت قومی شاہراہوں کی توسیع، ریلوے نیٹ ورک میں اضافہ، نئی ٹرینوں کا آغاز اور جدید ٹیکنالوجی کا نفاذ کیا گیا ہے۔

MSM/RNU/HYD

○○